بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

## حرفِ اوّل

# ماہِ رمضان المبارک میں دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور اور اس کے صدر مؤسس، محترم ڈاکٹر اسرار احمد کو اللہ تعالیٰ نے ''رجوع الی القرآن'' کی جس مبارک تحریک کی علمبرداری بخشی ہے، اس کے مظاہر میں سے ایک نمایاں مظہر ماہِ رمضان المبارک میں نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کی تکمیل کے پروگرام بھی ہیں، جن کا انعقاد اب قرآن اکیڈمی لاہور کے ساتھ ساتھ منسلک انجمنوں کے مراکز میں بھی اب ایک مستقل روایت کا درجہ اختیار کر چکا ہے۔ ماہِ رمضان کی راتوں میں قرآن حکیم کے ساتھ ذہنی و قلبی تعلق کی استواری اور قرآن حکیم کے انوار سے زیادہ سے زیادہ استفادے کی غرض سے اس پروگرام کا تجربہ پہلی بار ۱۹۸۴ء میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے جامع القرآن، قرآن اکیڈمی لاہور میں کیا تھا۔ اس پروگرام کی بے پناہ افادیت کو محسوس کرتے ہوئے اسے نہ صرف یہ کہ قرآن اکیڈمی لاہور میں ایک مستقل روایت کے طور پر اپنا لیا گیا بلکہ اس کی افادیت کے دائرے کو وسعت دینے کی خاطر دوسرے شہروں اور دیگر مقامات پر بھی اسے متعارف کرایا گیا۔ ۲۰ رکعت نماز تراویح بالعموم ایک سے ڈیڑھ گھنٹے میں مکمل ہوتی ہے، لیکن نماز تراویح کے ساتھ اگر دورۂ ترجمۂ قرآن کو بھی شامل کر دیا جائے تو اس کا دورانیہ چار سے پانچ گھنٹوں پر محیط ہوتا ہے۔ بادی النظر میں اتنا اضافی وقت نکالنا قریباً ناممکن اور نہایت مشقت طلب محسوس ہوتا ہے، لیکن قرآن حکیم کے اعجاز اور اس کے پیغام میں مضمر روحانی کشش کا یہ مظہر ہے کہ اس پروگرام کی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اور ''لذتِ ایں بادہ نہ دانی بخدا تا نہ چشی'' کے مصداق جو شخص اس پروگرام میں ایک بار شرکت کرتا ہے وہ اس کی افادیت کا اعتراف اور اس کے اندر چھپی ہوئی بے پناہ کشش کو محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ بحمد اللہ اس پروگرام کی وسعت پذیری میں سال بہ سال اضافہ ہی ہوتا رہا۔

گزشتہ سال ہم نے حکمت قرآن جون ۱۹۹۹ء کے شمارے میں ۸۴ء سے ۹۹ء تک دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگراموں اور ان کی تعداد میں تدریجی ارتقاء کا ایک بھرپور جائزہ شائع کیا تھا۔ زیر نظر شمارے میں حالیہ رمضان المبارک میں ملک کے طول و عرض میں منعقد ہونے والے ترجمۂ قرآن کے پروگراموں کی جامع رپورٹ پیش کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ اس بار امریکہ کے دو شہروں (نیویارک اور شکاگو) میں بھی دورۂ ترجمۂ قرآن کے پروگرام ہوئے۔ مسلم سنٹر فلشنگ نیویارک میں برادرم ڈاکٹر طاہر خاکوانی نے ترجمۂ قرآن کا دورہ مکمل کرنے کی سعادت حاصل کی اور اسلامک سنٹر شکاگو میں یہ شرف راقم السطور کو حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان مساعی کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com